New York Medicaid، Child Health Plus اور Essential Plan میں اہم تبدیلیاں

کیا آپ یا فیملی ممبر کے پاس فی الحال New York State Medicaid، Child Health Plus یا Essential Plan کی معرفت صحت بیمہ ہے؟ موسم بہار 2023 سے، جلد ہی، New York State ان پروگراموں میں اندراج یافتہ افراد کے لیے اہلیت کے جائزے اور تجدیدات پھر سے شروع کرنے والا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کو اپنے صحت بیمہ کی یا اپنے فیملی ممبروں کے صحت بیمہ کی تجدید کرنے کی کارروائی کرنی پڑ سکتی ہے۔

یہ وہ چند کام ہیں جو آپ تیار ہونے کے لیے ابھی کر سکتےہیں۔

1) ٹیکسٹ الرٹس کیلئے سائن اپ کریں

NY State of Health کی جانب سے متنی انتباہات موصول کرنے کے لیے سائن اپ کریں تاکہ آپ صحت بیمہ کی اہم اپ ڈیٹس، بشمول آپ کی کوریج کی تجدید کرنے کا وقت بھول نہ جائیں۔

سبسکرائب کرنے کے لیے START لکھ کر 1-866-988-0327 پر ٹیکسٹ کریں۔

2) یقینی بنائیں کہ آپ کا پتہ اپ ٹو ڈیٹ ہے

یقینی بنائیں کہ NY State of Health کے پاس آپ کا موجودہ ڈاک کا پتہ، فون نمبر اور ای میل پتہ موجود ہے تاکہ وہ آپ کے صحت بیمہ کے بارے میں آپ سے رابطہ کر سکیں۔ اپنی معلومات اپ ڈیٹ کرنے کے لیے:

- NY State of Health کو 1-855-355-5777 (TTY: 1-800-662-1220) پر کال کریں
- nystateofhealth.ny.gov پر اپنے اکاؤنٹ میں لاگ ان کریں، یا
- انرولمنٹ اسسٹر (enrollment assistor) سے رابطہ کریں

اگر آپ نے Medicaid میں اپنی کاؤنٹی کے Medicaid آفس کے ذریعے یا نیو یارک سٹی کے ہیومن ریسورسز ایڈمنسٹریشن کے ذریعے اندراج کروایا تو، دفتر سے رابطہ کر کے اپنا پتہ اور رابطہ کی معلومات اپ ڈیٹ کریں۔

3) کارروائی کریں

آپ کے صحت بیمہ کی تجدید کا وقت آنے پر، آپ کو NY State of Health کی طرف سے خط یا تجدید کا پیکٹ موصول ہوگا اگر آپ کا اندراج آپ کی کاؤنٹی کے مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات یا نیو یارک سٹی کی ہیومن ریسورسز ایڈمنسٹریشن کے ذریعے ہوا تھا۔ یہ خط/ پیکٹ آپ کو بتائے گا کہ آپ کو اپنی کوریج کی تجدید کے لیے کیا کرنے کی ضرورت ہے اور آپ کو جواب دینے کے لیے کتنا وقت درکار ہے۔ فوراً ہدایات پر عمل کریں۔

اگر آپ Medicaid، Child Health Plus یا Essential Plan کے لیے اہل قرار نہیں پاتے ہیں تو کیا ہوتا ہے؟

اگر آپ یا آپ کے فیملی ممبر Medicaid، Child Health Plus یا Essential Plan کے لیے مزید اہل قرار نہیں پاتے ہیں تو آپ NY State of Health کے ذریعے کوالیفائڈ ہیلتھ پلان (QHP ,Qualified Health Plan) میں اندراج کروانے کے اہل ہو سکتے ہیں۔ NY State of Health جامع مراعات والے QHPs کا ایک وسیع انتخاب پیش کرتا ہے۔ پہلے سے کئی زیادہ افراد اپنے پریمیمز ادا کرنے کے لیے مالی اعانت کے لیے اہل قرار پا رہے ہیں۔ مزید جاننے کے لیے nystateofhealth.ny.gov ملاحظہ کریں یا 1-855-355-5777 (TTY: 1-800-662-1220) پر کال کریں اور معلوم کریں کہ آیا آپ مالی اعانت کے لیے اہل قرار پا سکتے ہیں۔

مزید معلومات حاصل کریں

- اگر آپ کا اندراج Medicaid، Child Health Plus یا Essential Plan میں NY State of Health کے ذریعے ہوا ہے تو آپ کو درپیش کسی بھی سوال کے ساتھ (TTY: 1-800-662-1220) 1-855-355-5777 پر کال کریں۔
- اگر آپ کا اندراج Medicaid میں آپ کی کاؤنٹی کے Medicaid کے دفتر کے ذریعے یا نیو یارک سٹی کی ہیومن ریسورسز ایڈمنسٹریشن، کے ذریعے ہوا ہے تو آپ کو درپیش کسی بھی سوال کے ساتھ اس دفتر سے رابطہ کریں۔
- مزید جاننے کے لیے https://info.nystateofhealth.ny.gov/COVID-19-Changes ملاحظہ کریں۔ نیو یارک مزید معلومات دستیاب ہونے پر یہ ویب صفحہ مستقل بنیادوں پر اپ ڈیٹ کرے گا۔